// ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | ہفتہ 16 مارچ 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



| پکار-15 | | ٹریفک | | کرائم | | ٹیکنالوجی | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3817 | جرمانے کے چالان | 2921 | کل مقدمات | 64 | کرایہ دار کا اندراج | 53925 |
| بوگس کال | 3218 | سنگین خلاف ورزی | 2072 | گرفتار ملزمان | 42 | ملازمین کا اندراج | 49251 |
| ایمرجنسی رسپانس | 334 | مہلک حادثات | 11 | یکسو چالان | 98 | گاڑیوں کی تصدیق | 20328 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ | ڈرائیونگ لائسنس | 169 | سٹاپ اینڈ سرچ | 5137 | گمشدگی رپورٹ | 23008 |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 30 منٹ | لرننگ پرمٹ | 234 | اشتہاری مجرمان و عدالتی مفروران | 16 | جنرل ویریفکیشن | 92987 |

## آئی جی گلگت بلتستان پولیس کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

**سی پی او سیف سٹی/ٹریفک نے کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، جدید ٹیکنالوجی کے حامل کیمروں اور مانیٹرنگ ہال کا وزٹ اور اسکے طریقے کار و افادیت کے بارے میں آگاہ کیا**

انسپکٹر جنرل آف پولیس گلگت بلتستان افضل محمود بٹ نے سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کیا،سی پی او سیف سٹی/ٹریفک نے سیف سٹی اسلام آباد کے مختلف جزو ، آپریشنز اینڈ مانیٹرنگ سینٹر، ایمرجنسی کنٹرول سینٹر، ڈسپیچ کنٹرول سینٹر، ای چالان نظام اور "پکار-15" ہیلپ لائن کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی اسلام آباد کی کوریج کو شہر کے مختلف علاقوں تک بڑھا دیا گیا اور مختلف نجی بلڈنگز، ٹول پلازوں اور میٹرو بس کو بھی سیف سٹی کے ساتھ لنک کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید موثر بنانے پر کام جاری ہے، آئی جی گلگت بلتستان پولیس کو سیف سٹی اسلام آباد کے ذریعے شہر کے تحفظ اور جرائم کی بیخ کنی میں اسکے کردار کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی، انہیں مزید بتایا گیا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ہنگامی سہولیات کو بھی سیف سٹی میں ایک چھت تلے اکٹھا کیا گیا ہے تا کہ شہریوں کو ہر طرح کی سہولیات بروقت مہیا کی جا سکے ، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، اس موقع پر آئی جی گلگت بلتستان نے اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو بھرپور سراہا۔







## پولیس خدمت مراکز شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے

**پولیس خدمت مراکز نے 92 ہزار 822 شہریوں کو جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا، شہری گاڑیوں کی ویریفکیشن، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن اور دیگر سہولیات استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز تشریف لا سکتے ہیں**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی سہولیات کیلئے جدید تکنیکی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے خدمت مراکز نے اب تک 92 ہزار 822 جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا، جبکہ باقی درخواستوں پر کام ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے، شہری جنرل پولیس ویریفکیشن کے حصول کیلئے اپنا اصل شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ آئیں، شناختی کارڈ پر اسلام آباد کا پتہ نہ ہونے کی صورت میں کرایہ داری معاہدہ یا اشٹام پیپر ساتھ لائیں، اگر شہری بیرون ملک قیام پذیر ہو تو وہ اپنے کسی قریبی رشتہ دار یا عزیز کو اتھارٹی لیٹر جاری کرسکتے ہیں جس پر گزیٹڈ افسر کے دستخط لازمی ہیں، شہری اتھارٹی لیٹر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، شہری پولیس خدمت مراکز سے گاڑیوں کی ویریفکیشن، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن، سامان گمشدگی کی رپورٹ، جنرل پولیس ویریفکیشن اور دیگر سہولیات سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز کا رخ کر سکتے ہیں، شہریوں کو انکی دہلیز پر تمام سہولیات مہیا کرنے کیلئے پولیس خدمت مرکز موبائل سہولت وین بھی کام کر رہی ہے، اسکے علاوہ خدمت مراکز سیکٹر ایف سکس، جی ٹین، ایچ الیون، بنی گالہ، سواں گارڈن اور جی-14 کے علاوہ ماڈل تھانہ جات میں بھی قائم کئے گئے ہیں، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے پولیس خدمت مراکز میں تربیت یافتہ عملہ تعینات کیا گیا ہے، جو پاکستانی شہریوں اور غیر ملکیوں کو بہترین خدمات فراہم کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور انکے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 01 ہزار 978 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جبکہ 12 مشکوک اشخاص اور 37 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 01 ہزار 978 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 674 مشکوک افراد اور 1,304 موٹر سائیکل شامل ہیں، جبکہ 12 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 37 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

# وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دو پیشہ ور بھکاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران دو پیشہ ور بھکاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ کوہسار پولیس ٹیم نے ملزم عثمان علی کو گرفتار کرکے 635 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیم نے دو ملزمان شہزاد اور غنی الرحمن کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب اور ایک عدد خنجر برآمد کرلیا، تھانہ سنبل پولیس ٹیم نے ملزم حمید خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 140 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ ترنول




پولیس ٹیم نے دو ملزمان محمد قدیر اور محمد وقار کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1200 گرام ہیروئن اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ سنگجانی پولیس ٹیم نے ملزم تسلیم خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 550 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیم نے ملزم نعیم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ کرپا پولیس ٹیم نے ملزم عبدالرحمان کو گرفتار کرکے 50 گرام چرس برآمد کرلی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران دو پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار '15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ سنبل پولیس ٹیم نے راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو اراکان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ سنبل پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو اراکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت سیف اللہ اور امین اللہ کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ سنبل کے علاقوں میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔




# قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 13 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-"15 یا" آئی سی ٹی ایپ "15- پر فوری اطلاع دیں۔

# انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ شہزاد ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن

**سرچ آپریشن کے دوران 42 گھروں، 90 گاڑیوں، 18 موٹر سائیکلوں اور 81 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشن کا مقصد وفاقی دارالحکومت کی سیکورٹی کو مزید موثر بنانا**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 42 گھروں، 09 گاڑیوں، 18 موٹر سائیکلوں اور 81 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ 03 مشکوک افراد، بغیر کاغذات کے ایک موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ شہزاد ٹاؤن منتقل کیا گیا، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے



متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار-" 15 یا" آئی سی ٹی "15 ایپ پر فوری اطلاع دیں، تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہر کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

## گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" پر 03 ہزار 817 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03 ہزار 218 غیر متعلقہ کالز تھیں

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-" 15 وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بروقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار -15" ہیلپ لائن پر 03 ہزار 817 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03 ہزار 218 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 84% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 334 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، % 84 فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ہوٹل آئی سوفٹ ویئر مکمل آپریشنل اور موثر انداز میں کام کر رہا ہے

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے احکامات کی روشنی میں سیف سٹی پراجیکٹ شہر بھر میں جرائم کی روک تھام، موثر سکیورٹی اور سرویلنس میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، سی پی او سیف سٹی نے بتایا کہ ہوٹلز اور گیسٹ ہاؤسز میں ٹھہرنے والے افراد کی شناخت اور انکے ڈیٹا کے اندراج کیلئے تمام تھانہ جات کو ہوٹل آئی سافٹ ویئر مہیا کیا گیا ہے جو کہ مکمل آپریشنل اور موثر انداز میں کام کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ہوٹل آئی سافٹ ویئر کے ذریعے کل 03 ہزار 209 افراد کا ڈیٹا درج کیا گیا، جبکہ ابھی تک 16 لاکھ 26 ہزار 399 افراد کا ڈیٹا درج کیا جا چکا ہے، اس جدید نظام میں درج کوائف کی سکروٹنی کو یقینی بناتے ہوئے 126 مشکوک افراد کو گرفتار کر کے انکے کوائف متعلقہ تھانہ جات میں قانونی کارروائی کیلئے ارسال بھی کیا گیا، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ شہر بھر کے تمام داخلی اور خارجی راستے، ریڈ زون، اہم عوامی مقامات اور مارکیٹس کی مانیٹرنگ سیف سٹی کے جدید کیمروں سے کی جا رہی ہے اور خصوصی چیک پوسٹ بھی موثر مانیٹرنگ کے لئے لگائی گئی ہے، شہر کی فضائی نگرانی کے لئے سیف سٹی کے جدید ڈرونز کے ذریعے نگرانی کی جا رہی ہے، بغیر نمبر پلیٹ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی شناخت سیف سٹی کے کیمروں کی مدد سے یقینی بناتے ہوئے ای چالان جاری کئے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید بتایا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر میں امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال عمل میں لا رہی ہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات اٹھا رہی ہے، ہوٹل آئی سوفٹ ویئر نا صرف باہر سے آنے والے لوگوں کا ڈیٹا اندراج میں کار آمد ہے بلکہ سنگین جرائم میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی میں انتہائی مفید ثابت ہو رہا ہے۔

Tarjuman
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
# The Capital Police Islamabad
Islamabad Police | SATURDAY MARCH 16, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 3817 | Traffic Fine Ticket | 2921 | Total Crime Registered | 64 | Tenant Registration | 53925 |
| Hoax Call | 3218 | Major Violation | 2072 | Accused Arrested | 42 | Employee Registration | 49251 |
| Emergency Response | 334 | Fatal Accident | 11 | Challan Submitted in Court | 98 | Vehicle Verification | 20328 |
| Minimum Response Time | 02 Min | Driving License | 169 | Stop & Search | 5137 | Lost Reports | 23008 |
| Maximum Response Time | 30 Min | Learner Permit | 234 | P.O / C.O Arrested | 16 | General Verification | 92987 |

## Inspector General of Police (IGP) Gilgit Baltistan visited Safe City Islamabad








According to the details, the Inspector General of Police (IGP) Gilgit Baltistan Afzal Mehmood Butt visited Safe City Islamabad, a public relations officer said. He said that the Capital Police Officer (CPO) Safe City/Traffic gave an overview of the Safe City Islamabad operational duties to the IGP Gilgit Baltistan. At this occasion SSP Safe City was also present. The IGP Gilgit Baltistan visited the command and control center, data hub unit, modern technology-equipped cameras, and the police operations center hall. They were fully briefed about the procedures and their effectiveness. Furthermore, the IGP Gilgit Baltistan was also briefed that Safe City Islamabad is playing a significant role in various sectors through modern techniques, including the Police Operations Center, Emergency Control Center, Data Hub, Dispatch Control Center, E-Challan System, and the "Pukar-15" helpline. Face recognition cameras have been installed at the entry and exit points of the city, which are playing an important role in identifying suspicious elements. The IGP Gilgit Baltistan was also apprised of the functionality and benefits of the Safe City cameras in the city and their crucial role in ensuring the safety of the city, preventing crimes, and safeguarding the lives and property of citizens. The IGP Gilgit Baltistan acknowledged the modern technical system of the Islamabad Capital Police and its benefits. He expressed special gratitude to Islamabad Capital City Police Officer Dr. Akbar Nasir Khan and his team for this successful visit.


## Police Khidmat Markaz issued 92,822 General Police verification certificates

Police Khidmat Markaz of Islamabad Capital Police have facilitated citizens with different services like issuance of character certificate, foreigners' registration, registration of tenants and domestic servants, a police public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr Akbar Nasir Khan, the Islamabad capital police is taking all possible steps to provide maximum facilities to the citizens of Islamabad adding that several steps have been taken by the police in this regard. He further said that Police Khidmat Markaz has received 92,987 applications for a general police verification certificate during the ongoing year. On which 92,822 general police verification certificates were issued to the citizens after complete verification by concerned police stations while the work on remaining applications were under process. For general police verification certificates, applicants must bring his/her original CNIC. In case, the Islamabad address is not mentioned on applicant's CNIC, he must bring residential proof or rental agreement. For citizen's facility, police mobile facilitation van service has also been working, while Khidmat Markaz in various areas including sectors F-6, G-10/4, H-11, Bani Gala, Swan Garden, Khanna and at different police stations were also facilitating the citizens. Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan said that, well trained staff has been appointed there who are providing best services to Pakistani nationals and foreigners. Such steps would improve the trust of people in the police.

## Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 1,978 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 674 pedestrians and 1,304 motorcycles during special and snap checking, out of which 12 suspicious individuals shifted to police stations, while 37 motorcycles were impounded at various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. "Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens".

# 11 outlaws arrested; drugs and weapons recovered




Islamabad Capital Police apprehended 11 outlaws including two professional beggars from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Kohsar police team arrested an accused namely Usman Ali and recovered 635 gram heroin from his possession. The Karachi company police team arrested two accused namely Shahzad and Ghani Ur Rehman and recovered one dagger and 20 liters liquor from their possession. Likewise, the Sumbal police team arrested an accused namely Hameed Khan and recovered 140 gram heroin from his possession. The Tarnol police team arrested two accused namely Muhammad Qadeer and Muhammad Waqar and recovered 1200 gram heroin and one 30 bore pistol from their possession. Similarly, the Sangjani police team arrested an accused namely Tasleem Khan and recovered 550 gram heroin from his possession. The Shahzad Town police team arrested an accused namely Naeem and recovered one 30 bore pistol from his possession. Moreover, the Kirpa police team arrested an accused namely Abdul Rehman and recovered 50 gram hashish from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the crackdown against professional beggars, police teams arrested two professional beggars and registered cases against them under the beggars act. Senior police officers directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

# Two wanted members of snatcher gang held; cash and weapons recovered





Islamabad Capital Police Sumbal police team arrested two wanted members of snatcher gangs involved in numerous criminal activities and recovered snatched cash and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Sumbal police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of the snatcher gang involved in numerous criminal activities. The accused were identified as Saif Ullah and Ameen Ullah. Police team also recovered snatched cash and weapons used in crime from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. Citizens are urged to cooperate with the police and report any suspicious individuals or activities through the emergency helpline "Pucar-15" or at "ICT-15" mobile application.

# 13 absconders involved in heinous crime held

Islamabad Capital Police have arrested 13 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Capital police teams have arrested 13 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan said that the Islamabad Capital Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Capital Police, he added.

# Over 16,26,399 people's data entered through 'Hotel Eye' software



Following the special directives of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Safe City Islamabad is playing an effective role in the prevention of crimes and effective security in the federal capital. According to the details, the Islamabad Capital Police "Hotel Eye" software is fully operational and working effectively and the software has been provided to all police stations for identification of individuals and registering the data of people staying in hotels, Guest houses or shelters homes located in Islamabad. He said that, during the last 24 hours, a total of 3,209 citizens' data have been entered through Hotel Eye software. While a total data of 16,26,399 citizens has been entered during the ongoing year. Data of 126 suspects were also sent to the concerned police stations for legal proceedings. These data gathering is proving to be very useful in identifying the criminal elements involved in heinous & other Crimes. Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan said that the action will be initiated against vehicles without number plates or unregistered. Safe city cameras will be utilized for the purpose of identification of such vehicles, he maintained. The Islamabad Capital Police is using modern technology and all available resources to maintain law and order in the city and also taking all possible steps to ensure the safety of the lives and property of the citizens, he added.

# Search and combing operation conducted at Shahzad Town Police Station jurisdiction

Islamabad Capital Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Shahzad Town police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Shahzad Town police station by CTD and local police teams. During the search and combing operation 81 suspicious persons, 42 houses, 18 motorcycles and 09 vehicles were thoroughly checked, while police teams shifted 03 suspicious person and 01 bike and two 30 bore pistols with ammunition to the police station for further verification purpose. Senior police officers said that, the purpose of the search and combing operations was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking.





# Pucar-15 helpline received 3,218 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 3,817 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 3,817 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,218 calls were hoax and irrelevant to police which make up 84% of all calls. The Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.




## Social Media Corner Islamabad Police







